ADB

# ایشیائی ترقیاتی بینک کے ماحولیاتی اور سماجی فریم ورک (ای ایس ایف) کے مسودے پر علاقائی مشاورت

## وسطی، مغرب اور جنوبی ایشیا سے سول سوسائٹی کی تنظیمیں

3-5 April 2024 | Virtual

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE

*The views expressed in this presentation are the views of the author/s and do not necessarily reflect the views or policies of the Asian Development Bank, or its Board of Governors, or the governments they represent. ADB does not guarantee the accuracy of the data included in this presentation and accepts no responsibility for any consequence of their use. The countries listed in this presentation do not imply any view on ADB's part as to sovereignty or independent status or necessarily confirm to ADB's terminology.*



# ایشیائی ترقیاتی بینک کے عزم کا اعادہ بامعنی مشاورت

سیف گارڈ پالیسی ریویو اور اپ ڈیٹ مشاورت کا مقصد اسٹیک ہولڈرز کو ایشیائی ترقیاتی بینک کے مسودے ای ایس ایف پر اپنے خیالات اور رائے کا اظہار کرنے کا مواقع فراہم کرنا ہے۔

تمام اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ان مشاورتی سیشنز کے دوران اپنے خیالات اور خدشات کو واضح کریں۔ ان سیشنز میں شرکت کرکے (اور جیسا کہ اسٹیک ہولڈرز انگیجمنٹ پلان کے پیراگراف 47 میں ذکر کیا گیا ہے) اسٹیک ہولڈرز دستاویزاتی مقاصد کے لئے ان مشاورتوں کی ویڈیو اور آڈیو ریکارڈنگ پر رضامندی ظاہر کر رہے ہیں۔ ریکارڈنگ کو عام نہیں کیا جائے گا تاہم اے ڈی بی کارروائی کی شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے ایس پی آر یو کی ویب سائٹ پر کے لئے مشاورتی سمری کو پوسٹ کرے گا۔

جو سٹیک ہولڈر اس طرح کی ریکارڈنگ سے خود کو باہر رکھنے کے خواہشمند ہیں ان درخواست ہے کہ وہ اس سیشن کے 2 ہفتوں کے اندر safeguardsupdate@adb.org کو سیف گارڈز پالیسی ریویو اور اپ ڈیٹ سیکریٹریٹ سے رابطہ کریں۔

ہم ہر قسم کی آراء کو خوش آمدید کہتے ہیں. ان کو انتقامی کارروائی، بدسلوکی، یا کسی اور قسم کے امتیازی سلوک کے مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا.

اگر آپ کو مشاورت کے دوران انکشاف ، ریکارڈنگ ، رازداری ، ممکنہ خطرات ، بدسلوکی ، یا کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک کے بارے میں کوئی مسئلہ یا خدشات ہیں تو ، براہ کرم safeguardsupdate@adb.org پر ای میل کے ذریعہ سیکریٹریٹ سے رابطہ کریں۔

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# Session Objective

ADB

1. ماحولیاتی اور سماجی فریم ورک (ای ایس ایف) کے مسودے کا پس منظر اور تعارف :

- ای ایس ایف کے مسودہ کا پس منظر اور جائزہ
- مجوزہ ماحولیاتی اور سماجی معیارات کا جائزہ
- فنانسنگ کے طریقوں اور مصنوعات اور ممنوعہ سرمایہ کاری سرگرمیوں کی فہرست (پی آئی اے ایل) کے لئے ای اینڈ ایس کی شرائط کا جائزہ

1. ای ایس ایف کے مسودے پر فیڈبیک حاصل کرنا ، جس میں سیف گارڈ ایڈوکیسی کے تجربات کو شیئرکرنا اور کمیونٹیزسے رابطہ کاری شامل ہے۔



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# Agenda (3 April)

ADB

| | |
|---|---|
| 04:05 pm | خوش آمدید کا پیغام |
| 04:10 pm | سیشن 1: ای ایس ایف اور ای ایس پی کا جائزہ |
| 04:35 pm | سوالات کے جوابات اور گفتگو |
| 05:20 pm | بریک |
| 05:25 pm | سیشن 2: ای ایس ایس 1 اور ای ایس ایس 10 کا جائزہ |
| 05:35 pm | سوالات کے جوابات اور گفتگو |
| 06:55 pm | گفتگو کا خلاصہ، ایونٹ کی ایولیوایشن، اور اعلانات |

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

ADB

# خوش آمدید

## بروس ڈن
## ڈائریکٹر، پالیسی اور تکنیکی خدمات،
## آفس آف سیف گارڈز (او ایس ایف جی)، اے ڈی بی

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE



# سیشن 1:
# ای ایس ایف اور ای ایس پی کا جائزہ

**Bruce Dunn**

ڈائریکٹر، پالیسی اور تکنیکی خدمات،
آفس آف سیف گارڈز (او ایس ایف جی)، اے ڈی بی

**Takako Morita**

پرنسپل کونسل، جنرل کونسل کا دفتر (او جی سی)، اے ڈی بی

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE

# سیف گارڈ پالیسی کے جائزے اور اپ ڈیٹ کے مقاصد




SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE

# Policy Preparations Undertaken

ADB

## سٹیک ہولڈرانگیجمنٹ اور کنسلٹیشن



Safeguard Policy Review | Asian Development Bank

www.adb.org

**ترقی پذیر رکن ملک (ڈی ایم سی) اندرون ملک مشاورت**

1. Tonga
2. Papua New Guinea
3. Mongolia
4. People's Republic of China
5. Pakistan
6. Republic of Marshall Islands
7. Philippines
8. India
9. Indonesia
10. Georgia

### 1. 18 موضوعاتی سٹڈیز مکمل

- ✓ پالیسی ڈھانچہ، ماحولیات، سماجی اور صنفی مسائل.
- ✓ اے ڈی بی اور ایم ڈی بیز کو بینچ مارک کرنا
- ✓ نفاذ کا تجربہ اور چیلنجز

### 2. اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت

- ✓ **مجموعی طور پر 3600 سے زائد افراد سے مشاورت کی گئی**
- ✓ **موضوعاتی مطالعات پر 80 آن لائن مشاورتی واقعات**
- ✓ **10 ڈی ایم سیز نے ملک میں مشاورت کے لئے دورہ کیا / شرکت کی**
- ✓ **نجی شعبے کے 56 کلائنٹس سے مشاورت**
- ✓ **براہ راست متاثرہ افراد کے ساتھ 9 پروجیکٹ کنسلٹیشنز**
- ✓ **صنفی / ایس او جی آئی کے مسائل پر +10 فوکس گروپ مباحثے**
- ✓ **انڈجنس لوگوں کے مشاورتی گروپ قائم**
- ✓ **دیگر ایم ڈی بیز کے ساتھ مکالمہ**

### 3. ایشیائی ترقیاتی بینک کے سٹاف اور بورڈ کی شمولیت

- ✓ اسٹیئرنگ کمیٹی، کوآرڈینیشن گروپ اور ٹیکنیکل ورکنگ گروپس کی قیادت
- ✓ غیر رسمی بورڈ سیمینار (2020)، ڈیپ ڈائوز (2021 اور 2022)، دو طرفہ ملاقاتیں

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# اسٹیک ہولڈرز کی آراء کا اعلی سطحی خلاصہ

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE

## CSOs

- کمزور نہ ہوں / حفاظتی تدابیرکو کمزور نہ کریں
- سی ایس ایس کے ممکنہ استعمال اور کمزوریوں پر خدشات
- اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور انکشاف disclosure کو بڑھانا۔
- محفوظ جگہ کو یقینی بنائیں اور انتقامی کارروائی کے خطرات سے نمٹیں۔
- مالیاتی ثالثوں financial intermediaries کے لئے سیف گارڈذ پر خدشات
- آب و ہوا کی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع، صنف، کمزور گروہوں، جنسی رجحان اور صنفی شناخت، مزدوروں کے مسائل، مقامی لوگوں پر توجہ کو بڑھانا
- انسانی حقوق کی مناسب دیکھ بھال کو شامل کریں

## DMCs

- حفاظتی اقدامات کی اہمیت کو تسلیم کریں۔
- ابھی بھی ایس پی ایس کے ساتھ نفاذ کے کچھ چیلنجزموجود ہیں۔
- غیر ضروری ٹرانزکشن کے اخراجات سے بچیں۔
- ملکوں کےسیف گارڈ کے نظام (سی ایس ایس) کے ساتھ قریبی ہم آہنگی کی سپورٹ کریں۔
- ایم ایف آئی کی پالیسیوں اور طریقہ کار کے درمیان ہم آہنگی ٹرانزکشن کاسٹ کو کم کرے گی۔
- ملک اور منصوبے کے لئے ابتدائی مراحل سے بہتر رہنمائی اور صلاحیت میں اضافے کی ضرورت ہے۔

## Private sector

- انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کی کارکردگی کے معیارات اور Equator Principles کے اصولوں کے ساتھ ہم آہنگی۔
- سی ایس ایس اور قومی ضروریات کے ساتھ قریبی ہم آہنگی
- آئی ایف سی اور دیگر کثیر الجہتی مالیاتی اداروں (ایم ایف آئیز) کے ساتھ انکشاف disclosure کی ضروریات کو ہم آہنگ کریں (مثال کے طور پر، ای آئی اے کے لئے 120 دن کے انکشاف کو 60 دن تک کم کریں)
- ضروریات کے بارے میں زیادہ وضاحت اور رہنمائی؛ تیاری اور نفاذ کے دوران تکنیکی مدد فراہم کریں

# Preparation Schedule

- **7 Sept 2023** — ای ایس ایف کے مسودے کا عوامی انکشاف
- **27 Oct 2023** — ورکنگ پیپر پر بورڈ کا اجلاس (ڈبلیو پیپر)
- **Nov 2023–May 2024** — پالیسی کے مسودے پر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت
- **Q3 2024** — نظر ثانی شدہ ای ایس ایف کا انکشاف کریں (2 ماہ)
- **Q3 2024** — حتمی پالیسی پیپر پر بورڈ کا اجلاس (آر پیپر)
- **Q3 2025** — نئے منصوبے کے کنسپٹ پیپر کے لئے پالیسی کا موثر ہونا
- **2023–2027** — استعداد کار میں اضافہ، تربیت اور رہنمائی

12 months

ADB

# ماحولیاتی اور سماجی فریم ورک

## صلاحیت کی ترقی اور رول آؤٹ منصوبہ

### پروگرام کی سرگرمیاں:

1. ہر سٹینڈرڈ پر گائیڈلائنز اور منتخب موضوعات پر اچھی پریکٹس کے نوٹس کی تیاری
2. ڈی ایم سیز، نجی شعبے کے کلائنٹس اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے لیے تربیت (ای لریننگ، ویڈیوز، تربیتی پروگرامز، ٹیمپلیٹس وغیرہ کی مدد سے)
3. اے ڈی بی کے عملے اور اسٹیک ہولڈرز کے لئے ایکریڈیٹیشن اور سرٹیفکیشن پروگرام
4. پروجیکٹ کی سطح کی صلاحیت کار **capacity** میں اضافہ، خاص طور پر ابتدائی منصوبوں اور نئے علاقوں کے لئے۔
5. ملک کی سطح پر تکنیکی معاونت کے لئےتعاون، بشمول ملک کے نظام کا جائزہ، مشترکہ نقطہ نظر اور ادارہ جاتی مضبوطی اور انتظامات
6. دیگر ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے ساتھ ملک اور علاقائی صلاحیت سازی **capacity building** کے لئے شراکت داری اور مالی وسائل کو متحرک کرنا۔

### مقاصد:

- ای اینڈ ایس حفاظتی اقدامات کے لئے ملک اور علاقائی صلاحیت کی تعمیر
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے عملے اور قرض دہندگان / گاہکوں کے پاس ای ایس ایف پر مکمل عمل درآمد کے لئے مطلوبہ مہارت اور صلاحیت اور رہنمائی اور ٹولز موجود ہیں۔

### پروگرام کا وقت:

- **2027-2024** (اے ڈی بی بورڈ کی نئی پالیسی کی منظوری کے **+3** سال بعد)



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# ای ایس ایف کا جائزہ

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE



# مجوزہ پالیسی ڈھانچہ
## ماحولیاتی اور سماجی فریم ورک

ADB

امنگیں

**ویژن**
(ایس ڈی جیز، ماحولیاتی اور سماجی ترقی کی ترجیحات سے منسلک)

لازمی

ممنوعہ سرمایہ کاری سرگرمیوں کی فہرست

قرض لینے والوں اور کلائنٹس کے لئے ماحولیاتی سماجی معیار (ای ایس ایس)

ماحولیاتی اور سماجی پالیسی (ای اینڈ ایس پالیسی)

ماحولیاتی اور سماجی فریم ورک

لازمی

مختلف فنانسنگ طریقوں کے لئے شرائط

لازمی

آر اے ڈی بی آپریشنز مینوئل اور عملے کی ہدایات

طریقہ کار

غیر لازمی

ہر ای ایس ایس گڈ پریکٹس گائیڈنس کے لئے گائیڈنس نوٹ

تربیت اور آگاہی مواد اور ٹولز، ٹرمز آف ریفرینس طے کرنا

رہنمائی اور معاون مواد

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

ADB

# ماحولیاتی اور سماجی پالیسی کے معیارات (ای ایس ایس)

## 10 مجوزہ معیارات سیف گارڈ پالیسی اسٹیٹمنٹ (ایس پی ایس) کی موجودہ ضروریات کو پورا کرتے ہیں

1. ماحولیات اور سماجی خطرات اور اثرات کا جائزہ اور انتظام

2. مزدوری اور کام کے حالات

3. وسائل کا تحفظ اور آلودگی کی روک تھام

4. صحت، حفاظت اور سلامتی

5. حصول اراضی اور زمین کے استعمال پر پابندی

6. بائیوڈائیورسٹی اور قدرتی وسائل کا پائیدار استعمال

7. انڈجنس لوگ

8. ثقافتی ورثہ

9. آب و ہوا کی تبدیلی

10. اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور معلومات کا انکشاف

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

ADB

# ماحولیاتی اور سماجی پالیسی کا جائزہ (ای ایس پی)

## اے ڈی بی کی ذمہ داریاں

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE



# ماحولیات اور سماجی پالیسی (ای اینڈ ایس پالیسی)
## ایشیائی ترقیاتی بینک کی ذمہ داریاں

ADB

**ای اینڈ ایس پالیسی میں مندرجہ ذیل باتیں بیان کی گئی ہیں: (i) پالیسی کے مقاصد؛ (ii) دائرہ کار؛ اور ( (iii) ایشیائی ترقیاتی بینک کی ذمہ داریاں، بشمول:**

1. قرض لینے والوں / گاہکوں کی مشاورت سے ماحولیاتی اور سماجی (ای اینڈ ایس خطرے کی درجہ بندی تیار کرنا
2. قرض دہندہ / کلائنٹ کے ذریعہ کئے گئے ای اینڈ ایس اسسمنٹ کا ریویو ، خطرات کی نوعیت اور پیمانے کے تناسب سے
3. ای اینڈ ایس رسک کی مناسبت میں قرض لینے والوں/کلائنٹس کی اسسمنٹ اور منیجمنٹ ٹولز کی شناخت میں مدد کرنا
4. قرض لینے والوں / گاہکوں کو ان کے ای اینڈ ایس سسٹم اور کارکردگی کو مضبوط بنانے کے ساتھ مدد کرنا
5. قرض دہندگان / کلائنٹس کے ساتھ ان شرائط پر اتفاق کرنا جن کے تحت ایشیائی ترقیاتی بینک کسی منصوبے کی مالی اعانت پر غور کرے گا ان شرائط کو انوائرنمنٹل اینڈ سوشل کمٹمنٹ پلان اور/ یا انوائرنمنٹل اینڈ سوشل ایکشن پلان ن (ای ایس سی پی / ای ایس اے پی) میں طے کیا جائے گا۔
6. قرض لینے والوں / گاہکوں کو متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ جلد اور مسلسل بامعنی مشاورت کرنے اور ماحولیاتی اور سماجی معیارات (ای ایس ایس) کے مطابق پروجیکٹ کی سطح پر شکایات کے میکانزم فراہم کرنے میں مدد کرنا۔
7. ای ایس ایس اور ای ایس سی پی / ای ایس اے پی کے مطابق پروجیکٹ کی لائف سائیکل کے دوران کسی منصوبے کی ای اینڈ ایس کارکردگی کا جائزہ لینا اور نگرانی کرنا۔

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# ماحولیات اور سماجی پالیسی

## خطرے کی درجہ بندی کے لئے ایک نیا نقطہ نظر

» خطرے کی جانچ پڑتال سے معیارات، خطرات پر توجہ مرکوز کرنے اور وسائل کی ضروریات کا تعین ہوتا ہے۔ کسی ایک منصوبےمیں تمام معیارات کو متحرک نہیں کیا جاسکتا ہے۔

» مربوط ماحولیاتی اور معاشرتی خطرے کی اسکریننگ اور درجہ بندی:

- براہ راست، بالواسطہ اور مجموعی اثرات
- مختلف شعبوں میں فطری خطرے کے عوامل
- لوگوں اور ماحول کی کمزوری اور حساسیت

» دیگر خطرات پر بھی غور کریں (نئے)

- سیاق و سباق کے خطرے کے عوامل
- کارکردگی / صلاحیت سے متعلق خطرہ

» کسی منصوبے کو ایک خطرے کی درجہ بندی تفویض کی جائے گی (اب ای این وی ، آئی آر اور آئی پی کے لئے علیحدہ درجہ بندی نہیں ہے)

» حفاظتی دستاویزات خطرے کی درجہ بندی کی بنیاد پیش کریں گی ، بشمول انفرادیسٹینڈرڈسے متعلق خطرات




**Simplified comparison to SPS categorization**
Cat A (=High); Cat B (=Substantial or Moderate); Cat C (= Low)

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# ماحولیات اور سماجی پالیسی

## نئی دفعات اور تقاضے

### 1. خطرے کی بنیاد پر مطابقت پذیر انتظام:

- ✓ اسسمنٹ اور منیجمنٹ پروسیس ای اینڈ ایس خطرات اور اثرات کی نوعیت اور پیمانے کے تناسب سے ہوگا
- ✓ منظوری کے بعد دستاویزات کی تیاری اور ڈسکلوژر کی اجازت دینے کے لئے ای ایس سی پی / ای ایس اے پی کا استعمال

### 2. قرض لینے والے کے ای اینڈ ایس سسٹم کا استعمال

- ✓ ٹیسٹ: متعلقہ ای ایس ایس کے مقاصد کے ساتھ " material consistency".
- ✓ پروجیکٹ کی سطح پر کیا گیا جائزہ۔ کسی منصوبے سے متعلق ای ایس ایس کے لئے غور کیا جاسکتا ہے۔
- ✓ لاجسٹکس سے زیادہ موجودہ "equivalence" اور "acceptability" کی شرائط.

### 3. مشترکہ نقطہ نظر کا استعمال

- ✓ ٹیسٹ: ایک مشترکہ نقطہ نظر متعلقہ ای ایس ایس کے مقاصد کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے.

### 4. مشاورت اور شرکت

- ✓ قرض لینے والے / کلائنٹ کو اسٹیک انگیجمنٹ پلان تیار کرنے کی ضرورت ہے (معلومات کا انکشاف، پسماندہ یا کمزور افراد اور گروہوں سمیت جامع انداز میں بامعنی مشاورت)
- ✓ پسماندہ یا کمزور گروہوں کے لئے امتیازی اقدامات کی واضح ضرورت، اور منصوبے اور ملک کے سیاق و سباق پر غور

### 5. نگرانی:

- ✓ اے ڈی بی ای ایس سی پی / ای ایس اے پی میں ضروریات کے مطابق کسی منصوبے کے لئے قرض دار / کلائنٹ کی ای اینڈ ایس کارکردگی کی نگرانی کرے گا جس میں ممکنہ ای اینڈ ایس رسک اور منصوبے کے اثرات کے تناسب سے ہوگا۔

### 6. معلومات کا انکشاف:

- ✓ تشخیص / حتمی کریڈٹ منظوری کے ساتھ



INTERNAL. This information is accessible to ADB Managemen

# ماحولیات اور سماجی پالیسی

## پسماندہ یا کمزور گروہوں پر خطرات سے نمٹنا

ADB

1. پسماندہ یا کمزور گروہوں کو کسی منصوبے سے غیر متناسب طور پر متاثر نہیں ہونا چاہئے
2. منصوبوں کو عدم امتیاز کو فروغ دینا چاہئے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ "محروم یا کمزور" گروہ کسی منصوبے سے یکساں طور پر فائدہ اٹھائیں۔
3. کمزوری کثیر الجہتی ہے اوران کے باہمی تعلقات پر غور کیا جانا چاہئے۔ مثال کے طور پر، غربت، صنف، اور معذوری کے درمیان تعلقات
4. پسماندہ یا کمزور افراد پر پڑنے والے اثرات سے نمٹنے کے لئے امتیازی اقدامات تیار کیے جانے چاہئیں۔
5. اسسمنٹ اور اقدامات کے ڈیزائن کو ایک حساس نقطہ نظر اپنانا چاہئے ، جو ملک کے سیاق و سباق اور قانونی فریم ورک کے ساتھ ساتھ منصوبے کے مخصوص سیاق و سباق اور خطرے کی سطح کے مطابق ہو۔
6. حفاظتی اقدامات رسک کو منیج کرنے اور متاثرہ افراد کو ممکنہ نقصان سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کریں گے۔ منصوبے کے اقدامات وسیع تر قانونی اصلاحات کی ضرورت کا اشارہ یا تجویز نہیں کرتے ہیں
7. نقطہ نظر سے پسماندہ یا کمزور گروہوں کے خطرے میں اضافہ نہیں ہونا چاہئے جو منصوبے کے نتیجے میں ہوسکتا ہے
8. پروجیکٹ کی سطح پر اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور شکایات کے میکانزم کی مناسب شکلیں فراہم کریں جو محفوظ اور قابل رسائی ہوں۔

### پسماندہ یا کمزور طبقات

*افراد یا گروہ ان کی عمر، جنس، نسل، مذہب، معذوری، سماجی، شہری یا صحت کی حیثیت، جنسی رجحان، صنفی شناخت، معاشی نقصانات یا انڈجنس حیثیت، اور / یا منفرد قدرتی وسائل پر انحصار کی بنیاد پر، پروجیکٹ کے اثرات سے منفی طور پر متاثر ہونے کا زیادہ امکان ہوسکتا ہے ، اور / یا کسی منصوبے کے فوائد سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت میں دوسروں کے مقابلے میں زیادہ محدود ہوسکتا ہے ، اور / یا مشاورت کے عمل اور فوائد کے اشتراک میں مکمل طور پر حصہ لینے سے قاصر / یا محروم ہوسکتا ہے۔*



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# ڈسکشن

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE

# دوسرا سیشن:
# ای ایس ایس 1 اور ای ایس ایس 10 کا جائزہ


زہرہ عباس
پرنسپل ماہر ماحولیات، او ایس ایف جی، اے ڈی بی

زروہی ہیپرٹیان
**Zaruhi Hayrapetyan**
سینئر سوشل ڈیولپمنٹ اسپیشلسٹ (سیف گارڈز)، او ایس ایف جی، اے ڈی بی


SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE

# ماحولیات اور سماجی پالیسی

## خطرے کی درجہ بندی کے لئے ایک نیا نقطہ نظر

- » خطرے کی جانچ پڑتال سے معیارات، خطرات پر توجہ مرکوز کرنے اور وسائل کی ضروریات کا تعین ہوتا ہے۔ کسی ایک منصوبےمیں تمام معیارات کو متحرک نہیں کیا جاسکتا ہے۔
- » مربوط ماحولیاتی اور معاشرتی خطرے کی اسکریننگ اور درجہ بندی:
  - براہ راست، بالواسطہ اور مجموعی اثرات
  - مختلف شعبوں میں فطری خطرے کے عوامل
  - لوگوں اور ماحول کی کمزوری اور حساسیت
- » دیگر خطرات پر بھی غور کریں (نئے)
  - سیاق و سباق کے خطرے کے عوامل
  - کارکردگی / صلاحیت سے متعلق خطرہ
- » کسی منصوبے کو ایک خطرے کی درجہ بندی تفویض کی جائے گی (اب ای این وی ، آئی آر اور آئی پی کے لئے علیحدہ درجہ بندی نہیں ہے)
- » حفاظتی دستاویزات خطرے کی درجہ بندی کی بنیاد پیش کریں گی ، بشمول انفرادیسٹینڈرڈسے متعلق خطرات




**Simplified comparison to SPS categorization**
Cat A (=High); Cat B (=Substantial or Moderate); Cat C (= Low)

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# ماحولیاتی اور سماجی خطرات کا جائزہ اور انتظام

## نئی شقیں اور بہتر تقاضے

1. مربوط ای اینڈ ایس اسسمنٹ: ماحولیاتی اور معاشرتی عوامل کو مربوط کرتے ہوئے تمام براہ راست، بالواسطہ اور مجموعی ای اینڈ ایس خطرات اور اثرات کو حل کریں
2. ماحولیاتی اور سماجی عوامل: ای ایس ایس کے مطابق غور کیے جانے والے مسائل اور منصوبے کے لئے ٹرگر کرنے والے مسائل کی فہرست
3. دائرہ کار: تشخیص اور متعلقہ ای ایس ایس اور ضروریات کا دائرہ کار قائم کریں۔
4. ای اینڈ ایس تشخیص: تشخیص کی سطح ای اینڈ ایس کے خطرات اور اثرات اور قابل اطلاق ای ایس ایس کے تناسب سے ہونی چاہئے۔
5. پسماندہ یا کمزور گروہ: ای اینڈ ایس تشخیص کے ذریعے شناخت کی گئی اور ملک کے سیاق و سباق، منصوبے کی نوعیت اور ای اینڈ ایس خطرات کی بنیاد پر ڈیزائن کردہ امتیازی اقدامات
6. ای اینڈ ایس کی تیاری: متعلقہ ای ایس ایس کے تحت تمام ای اینڈ ایس تشخیص کی ضروریات کی نشاندہی کی جائے اور اے ڈی بی کے اطمینان کے لئے ممکنہ حد تک عمل میں لایا جائے۔
7. ماحولیات اور سماجی وابستگی / ایکشن پلان (ای ایس سی پی / ای ایس اے پی): ایک مقررہ ٹائم فریم میں ای ایس ایس کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ضروری اقدامات کے ساتھ مطابقت پذیر انتظامی عمل فراہم کرتا ہے۔ کسی منصوبے کو تعمیل میں لانے یا منصوبے پر عمل درآمد کے دوران کیے جانے والے اقدامات شامل کریں
8. نگرانی: اعلی اور خاطر خواہ خطرات کے لئے نیم سالانہ، اور اعتدال پسند اور کم خطرات کے لئے کم از کم سالانہ، یا ای ایس سی پی / ای ایس اے پی کے مطابق
9. منیجمنٹ کنٹریکٹرز: متعلقہ ای ایس ایس اور ای ایس سی پی / ای ایس اے پی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کنٹریکٹرز اور سب کنٹریکٹرز



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

10

ADB

# اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور معلومات کا انکشاف

## نئے معیار اور بہتر ضروریات

**اسٹیک ہولڈرز انگیجمنٹ پلان تیار کرنا:** بامعنی مشاورت کی ضروریات کا خاکہ پیش کرتا ہے، اس طریقے سے شرکت کو فروغ دیتا ہے جو تمام اسٹیک ہولڈرز کے لئے محفوظ اور قابل رسائی ہو۔
اکیلے دستاویز یا کسی دوسرے حفاظتی دستاویز کے حصے کے طور پر ہوسکتا ہے

اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کے ذریعے **پسماندہ یا کمزور گروہوں کی نشاندہی** کی جاتی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور معلومات کے انکشاف کے عمل اور شکایات کے طریقہ کار میں ان کی ضروریات اور خدشات کو تسلیم کیا جائے اور ان کا حساب رکھا جائے۔

شکایات کے بروقت جواب اور انتظام کو یقینی بنانے کے لئے ابتدائی مراحل میں قابل رسائی شکایات کا طریقہ کار قائم کریں۔
انتقامی کارروائی، بدسلوکی، ڈرانے دھمکانے یا امتیازی سلوک کے الزامات سے نمٹنے اور مناسب اصلاحی اقدامات کرنے کے لئے واضح تقاضے۔ گمنام شکایات سے نمٹنے کا اہتمام

منصوبے کی تیاری میں جتنی جلدی ممکن ہو منصوبے کی معلومات کو ظاہر کریں اور ایک ٹائم فریم میں جو منصوبے کے ڈیزائن پر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بامعنی مشاورت کو ممکن بناتا ہو ، لیکن اے ڈی بی کے منصوبے کی اسسمنٹ یا حتمی کریڈٹ منظوری کے ساتھ

معلومات کے انکشاف اور شکایات کے طریقہ کار سمیت اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کے منصوبے پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے مناسب مالی اور انسانی وسائل مختص کریں۔

منصوبے کی پیچیدگی کی بنیاد پر عمل درآمد کی نگرانی اور رپورٹ کرنے اور نشاندہی کردہ کمی اور خدشات کو حل کرنے کے لئے قابل ماہرین کی خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

ADB

# ڈسکشن



SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE

ADB

# خلاصہ اور اگلے قدم

بروس ڈن
ڈائریکٹر، سیف گارڈز آفس، اے ڈی بی

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE



# Agenda (4 April)

| | |
|---|---|
| 04:05 pm | پچھلے سیشنز سے اہم آراء |
| 04:10 pm | سیشن 3: ای ایس ایس 5 ، ای ایس ایس 7 ، اور ای ایس ایس 8 کا جائزہ |
| 04:25 pm | سوالات اور گفتگو |
| 05:35 pm | وقفہ |
| 05:40 pm | سیشن 4: ای ایس ایس 2 اور ای ایس ایس 4 کا جائزہ |
| 05:50 pm | سوالات اور گفتگو |
| 06:55 pm | خلاصہ،ایونٹ ایویلیوایشن ، اور اعلانات |

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

ADB

# پچھلے سیشنز سے اہم آراء

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE



# تیسرا سیشن: ای ایس ایس 5 ، ای ایس ایس 7 اور ای ایس ایس 8 کا جائزہ

**ایرینا نووی کووا**
پرنسپل سوشل ڈویلپمنٹ اسپیشلسٹ، او ایس ایف جی، اے ڈی بی

**تلسی بشت**
سینئر سوشل ڈیولپمنٹ اسپیشلسٹ (سیف گارڈز)، او ایس ایف جی، اے ڈی بی

**زہرہ عباس**
پرنسپل ماہر ماحولیات، او ایس ایف جی، اے ڈی بی

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE



# حصول اراضی اور زمین کے استعمال کی پابندی (ایل اے / ایل یو آر)

## نئی شقیں اور بہتر تقاضے

5

ADB

**دائرہ کار**: (1) غیر رضاکارانہ طور پر اراضی کے حصول / زمین کے استعمال پر پابندی ، (2) رضاکارانہ زمین کے لین دین اور زمین کے استعمال پر پابندی کے لئے مناسب جانچ پڑتال کی ضروریات ، (iii) کسی پروجیکٹ سے پہلے کی جانے والی سرگرمیاں ، لیکن جو کسی پروجیکٹ کی توقع میں یا اس کی تیاری میں شروع کی گئیں۔

**خطرے کی تشخیص اور درجہ بندی**: مربوط ای ایس آئی اے، غیر رضاکارانہ آبادکاری کی درجہ بندی کے لئے کوئی اکیلی عددی حد نہیں ہے (ای ایس آئی اے اب مجموعی اثرات / خطرات پر غور کرتا ہے)۔ ایل اے / ایل یو آر اثرات کو ای ایس ایس 5 اپیلی کیشن کے مقصد کے لئے مزید درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔

**کوریج**: ای ایس ایس 1 اور ای ایس ایس 5 سے وابستہ سہولیات / مجموعی سماجی اثرات / موجودہ سہولیات کو قرض دہندہ / کلائنٹ کے اثر و رسوخ اور کنٹرول کے اندر ایل اے / ایل یو آر کے خطرات اور اثرات کو کم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ منصوبے کی توقع اور تیاری میں ماضی کے ایل اے / ایل یو آرکے اثرات۔

**ایل اے / ایل یو آر اثرات**: (i) مکمل، جزوی، مستقل، اور / یا عارضی معاشی اورمادی نقل مکانی کا احاطہ کرتا ہے۔ (ii) باضابطہ، روایتی، یا قابل شناخت جائیداد نہ رکھنے متاثرہ افراد کا احاطہ کرتا ہے اور میزبان ملک کے قوانین زمین پر قبضہ رکھنے والے یا استعمال کرنے والے کے حقوق کے حقوق کا بھی احاطہ کرتا ہے۔

اثرات کا تخمینہ: اثرات کے تناسب سے حصول اراضی کا منصوبہ (ایل اے پی) تیار کریں، پسماندہ یا کمزور افراد اور اصنا ف پر خصوصی توجہ دیں، اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت، شکایات کے میکانزم اور معلومات کے انکشاف کو یقینی بنائیں۔



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

**معاوضہ / امداد:** پروجیکٹ سے متاثرہ افراد کے لئے معاوضہ اور حقوق فراہم کرنا۔ جسمانی طور پر بے گھر افراد کے لئے دوبارہ آبادکاری کے مقامات پر مدت اور حفاظت کے تحفظ کے ساتھ مناسب رہائش فراہم کریں۔

**حصول اراضی فریم ورک (ایل اے ایف):** اگر حتمی انجینئرنگ ڈیزائن یا مکمل تشخیص کسی منصوبے کی ایشیائی ترقیاتی بینک کی منظوری پر دستیاب نہیں ہے، اور اثرات غیر یقینی ہیں، تو تفصیلی اسکوپنگ اور عارضی بجٹ کی بنیاد پر جواز فراہم کرنے کے بعد ایل اے ایف تیار کیا جاسکتا ہے۔

**ایل اے پی مانیٹرنگ:** منصوبے کی بندش کے وقت سول کاموں کے آغاز سے پہلے ایل اے پی پر عمل درآمد کو یقینی بنانا۔

**انکشاف:** تمام ایل اے / ایل یو آر آلات کے انکشاف کو یقینی بنائیں۔



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# ای ایس ایس 7: تعارف

- ای ایس ایس 7 ایس پی ایس 2009 میں موجودہ آئی پی حفاظتی اقدامات پر مبنی ہے اور اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ انڈجنس لوگ اکثر آبادی کے سب سے پسماندہ اور کمزور حصوں میں سے ہیں۔ ان کی معاشی، سماجی اور قانونی حیثیت زمینوں اور قدرتی اور ثقافتی وسائل پر اپنے حقوق کا دفاع کرنے کی ان کی صلاحیت کو محدود کرتی ہے اور ترقی میں حصہ لینے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی ان کی صلاحیت کو محدود کرتی ہے جو ان کے عالمی نقطہ نظر کے مطابق ہیں۔

- ایشیا اور بحرالکاہل کے اندر ، مقامی لوگوں کو مختلف ممالک میں ایسی اصطلاحات سے حوالہ دیا جاسکتا ہے جن میں مقامی نسلی اقلیتیں ، دیسی ثقافتی برادریاں ، آدیواسی ، پہاڑی قبائل ، اقلیتی قومیتیں ، درج فہرست قبائل ، قبائلی گروہ ، جنگل میں رہنے والے ، شکاری ، چرواہے ، یا دیگر خانہ بدوش گروہ شامل ہیں۔

INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

# مقامی لوگ
## نئی شقیں اور بہتر تقاضے

7

ADB

**مقاصد:** ایف پی آئی سی شمولیت کے ساتھ تفصیلی

**آئی پی کی شناخت 4 امتیازی معیاروں پر مبنی ہے** (1) خود کی شناخت، (2) زمین سے اجتماعی وابستگی، (3) روایتی ادارے اور قوانین اور (4) مختلف زبان. ("کمزوری" کا معیار ختم کر دیا گیا ہے)

**وسیع کمیونٹی سپورٹ کی جگہ مفت پیشگی اور باخبر رضامندی (ایف پی آئی سی) :**
ایف پی آئی سی تین حالات میں ضروری ہے: (1) جب منصوبے کے آن لوگوں کی زمین اور قدرتی وسائل پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں؛ ( ii) ان زمینوں سے آئی پیز کی منتقلی کا سبب بنتا ہے۔ ( iii) آئی پیز کے ثقافتی ورثے پر اہم اثرات جو ان کی شناخت اور ثقافت اور / یا ان کی زندگی کے رسمی اور / یا روحانی پہلوؤں کے لئے مادی ہیں۔

**شرکت اور بامعنی مشاورت:** جامع عمل، پسماندہ یا کمزور افراد پر خصوصی توجہ کے ساتھ آئی پیز کے اجتماعی فیصلہ سازی کے عمل کے لئے کافی وقت کی اجازت دیتا ہے۔

**سماجی اثرات کا جائزہ:** غیر معمولی اثرات، سیاق و سباق کے خطرات، حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی نظام کی خدمات کے روابط کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے

**رضاکارانہ تنہائی میں رہنے والے آئی پیز:** ایسے آئی پیز کی زمینوں، علاقوں، ثقافت کو پہچاننے، ان کا احترام کرنے اور ان کی حفاظت کرنے کے لئے مناسب اقدامات کریں اور ان کے ساتھ تمام ناپسندیدہ رابطے سے گریز کریں جو کسی منصوبے کے نتیجے میں پیدا ہوسکتے ہیں۔

**ایسے منصوبے جب آئی پی واحد فائدہ اٹھانے والوں کے طور پر اور جب واحد مستفید ہونے والے نہیں:** دونوں صورتوں میں زیادہ وضاحت.

**انڈجنس لوگوں کا منصوبہ:** امپیکٹ اسسمنٹ اور بامعنی مشاورت کی بنیاد پر تیار کیاجائے، آئی پی برادریوں پر تشخیص شدہ منصوبے کے اثرات کے تناسب سے

**بجٹ:** آئی پی کمیونٹیز کو معاوضہ دینے اور تخفیف کے اقدامات کے لئے مناسب وسائل

**شکایت کا طریقہ کار:** ایک ایسا میکانزم قائم کریں جو آئی پی روایتی تنازعات کے تصفیے کے میکانزم کو شامل کرے ، اور جو اس بات کو یقینی بنائے کہ شکایت کنندگان انتقامی کارروائی سے محفوظ رہیں۔

**نگرانی اور رپورٹنگ:** منصوبے کے خطرات اور اثرات کے تناسب سے. اہم منفی اثرات والے منصوبوں کے لئے اہل اور تجربہ کار کی ضرورت ہوتی ہے

external monitor

Note: BCS = broad community support; FPIC = free, prior, informed consent; IP = Indigenous People



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

1. **غیر معمولی ثقافتی وسائل اور بصری اثرات:** ٹھوس اور غیر مرئی ثقافتی ورثے دونوں پر پروجیکٹ کے خطرات اور اثرات کو منیج کریں خواہ وہ براہ راست ہوں یا بلاواسطہ۔

2. **انڈجنس لوگ: جہاں** ثقافتی ورثہ اور انڈجنس لوگ دونوں موجود ہوں ان علاقوں پر کوریج کے لئے شرائط فراہم کرتے ہیں۔ اگر مقامی لوگوں کے علاقوں میں ثقافتی ورثے کی نشاندہی کی جاتی ہے تو ، ای ایس ایس 7 کے مطابق ایف پی آئی سی کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

3. **ثقافتی ورثے کی مختلف اقسام کے لئے مخصوص ضروریات:** آثار قدیمہ کے مقامات اور مواد، زیر آب ثقافتی ورثہ، تدفین کے مقامات اور انسانی باقیات، تعمیر شدہ ورثہ، مناظر یا قدرتی وسائل، اور منقولہ ثقافتی ورثہ شامل ہیں.

4. **اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت:** ثقافتی ورثے، اس کی اہمیت، خطرات اور اثرات کا جائزہ لینے، بچنے، تخفیف، اور نگرانی اور رپورٹنگ کے اختیارات کی تلاش کے لئے بامعنی مشاورت کی ضرورت ہے



INTERNAL. This information is accessible to ADB Management and Staff. It may be shared outside ADB with appropriate permission.

ADB

# ڈسکشن

SAFEGUARD
POLICY REVIEW
AND UPDATE



ADB

# سیشن 4:
# ای ایس ایس 2 اور ای ایس ایس 4 کا جائزہ

**Felix Oku فیلکش اوکو**

**پرنسپل سوشل ڈیولپمنٹ اسپیشلسٹ (سیف گارڈز)، او ایس ایف جی، اے ڈی بی**

SAFEGUARD POLICY REVIEW AND UPDATE



# 2

# مزدوری اور کام کے حالات

## نئے معیار اور تبدیل شدہ شرائط

ADB

1. یہ معیار اس وقت ایس پی ایس ممنوعہ سرمایہ کاری سرگرمیوں کی فہرست، سماجی تحفظ کی حکمت عملی (2001)، کور لیبر اسٹینڈرڈز ہینڈ بک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور قرض دار کے درمیان منصوبے کے قانونی معاہدوں میں متعلقہ قرض کے معاہدوں اور منصوبے کے لئے قرض دہندگان کے سول ورکس معاہدوں میں طے شدہ بنیادی لیبر معیارات کے ساتھ اے ڈی بی کے عزم کو بڑھاتا ہے اور اپ ڈیٹ کرتا ہے۔

2. ضروریات کے اطلاق کا دائرہ ملازمت کی قسم اور قرض لینے والے اور پروجیکٹ کارکنوں کے درمیان روزگار کے تعلقات کی نوعیت پر منحصر ہے۔

3. لیبر سے متعلق خطرات کی توجہ منصوبے کی سطح پر ہے اور ضروریات تمام شعبوں اور تمام پروجیکٹ کارکنوں پر لاگو ہوتی ہیں۔

.4

ملازمت کے تعلقات کی تمام اقسام پر لاگو ہوتا ہے بشمول:

**براہ راست کارکن** - وہ کارکن جو کسی منصوبے پر کام کرنے کے لئے قرض دار کے ذریعہ براہ راست مصروف یا ملازم ہیں۔

**کنٹریکٹ یافتہ کارکن** - وہ کارکن جو کسی تیسرے فریق کے ذریعہ کسی منصوبے سے متعلق کام انجام دینے کے لئے مصروف یا ملازم ہیں ، قطع نظر مقام سے۔

**پرائمری سپلائی ورکرز** - قرض لینے والے کے بنیادی سپلائرز کے ذریعہ مصروف یا ملازمت کرنے والے کارکن۔

